# ARIF HABIB LIMITED

July 30th, 2025

**Executive Director**
Public Offering & Regulated Persons Department
Securities Market Division
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, Jinnah Avenue
Islamabad

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Karachi

**The Chief Executive**
Mitchells Fruit Farms Limited
House No. 72-FCC, Gulberg IV,
Lahore

**Subject:** **Publication of Public Announcement of Offer to acquire up to 6,007,632 ordinary shares of Mitchells Fruit Farms Limited under the Securities Act, 2015 and the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations, 2017**

Dear Sirs,

This is with reference to the Public Announcement of Offer to acquire up to 6,007,632 ordinary shares of Mitchells Fruit Farms Limited (the "**Target Company**") made by Arif Habib Limited ("**Manager to the Offer**") on behalf of CCL Holding Private Limited (the **"Acquirer"**) on July 28th, 2025. In this regard, we would like to inform you that the Public Announcement of Offer has been published in Business Recorder and Nawa-i-Waqt on July 30th, 2025 in accordance with Regulation 7(6) of the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations, 2017.

Copy of the newspaper publications where Public Announcement of Offer has been published is enclosed herewith.

You may contact the undersigned for any additional information or clarification.

For and on behalf of **Arif Habib Limited** (Manager to the Offer)

Yours faithfully,

**Farhan Rizvi**
Managing Director, Investment Banking

**Ali Raza**
Senior Analyst, Investment Banking

# PUBLIC ANNOUNCEMENT OF OFFER TO PURCHASE UP TO 26.26% ORDINARY SHARES OF MITCHELLS FRUIT FARMS LIMITED BY CCL HOLDING PRIVATE LIMITED

**THIS IS A PUBLIC OFFER BY CCL HOLDING PRIVATE LIMITED (HEREINAFTER REFERRED TO AS THE "ACQUIRER") TO ACQUIRE UP TO 6,007,632 ORDINARY SHARES OF MITCHELLS FRUIT FARMS LIMITED ("TARGET COMPANY") COMPRISING 26.26% OF THE ISSUED ORDINARY SHARE CAPITAL OF TARGET COMPANY AT AN OFFER PRICE OF PAK RUPEES (PKR) 232.75 PER ORDINARY SHARE PURSUANT TO THE SECURITIES ACT, 2015 (THE "ACT") AND THE LISTED COMPANIES (SUBSTANTIAL ACQUISITION OF VOTING SHARES AND TAKEOVERS) REGULATIONS, 2017 (THE "REGULATIONS").**

CCL Holding (Private) Ltd. (the **"Acquirer")** entered into a share purchase agreement dated May 14, 2025 (the "SPA") with the sponsors of Mitchells Fruit Farms Limited (the **"Sellers")** for the purchase of 9,293,244 ordinary shares representing approximately 40.63% of the total issued ordinary share capital of the Target Company at a price of PKR 180.00 per ordinary share (the **"Acquisition")**. In addition to the shares acquired under the SPA, the Acquirer has also purchased a further 1,566,493 ordinary shares, representing approximately 6.85% of the issued share capital of the Target Company, from other shareholders, namely IGI Investments (Private) Limited (850,334 shares – 3.72%), Babar Ali Foundation (556,463 shares – 2.43%), Syeda Henna Babar Ali (79,159 shares – 0.35%), Syed Hyder Ali (77,100 shares – 0.34%), and Perwin Babar Ali (3,437 shares – 0.02%), executed on the negotiated deal market at a price of PKR 232.75 per share. The Acquisition falls within the ambit of Section 111(c) of the Securities Act, 2015 (the **"Act"),** and the Acquirer is offering to purchase additional voting shares of up to 6,007,632 ordinary shares representing 26.26% of the total issued share capital of the Target Company by way of a public offer. The Acquirer is offering to purchase the additional voting shares, having a par value of PKR 10/- each, at an offer price of PKR 232.75 each **("Public Offer")**.

**DISCLAIMER**

IT IS TO BE DISTINCTLY UNDERSTOOD THAT FILING OF DOCUMENT OF PUBLIC OFFER WITH THE SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN SHOULD NOT IN ANY WAY BE DEEMED OR CONSTRUED THAT THE SAME HAS BEEN CLEARED, VETTED OR APPROVED BY THE COMMISSION. THIS DOCUMENT HAS BEEN SUBMITTED TO THE COMMISSION FOR A LIMITED PURPOSE OF OVERSEEING WHETHER THE DISCLOSURES CONTAINED THEREIN ARE GENERALLY ADEQUATE AND ARE IN CONFORMITY WITH THE LAW/REGULATIONS. THIS REQUIREMENT IS TO FACILITATE THE SHAREHOLDERS OF MITCHELLS FRUIT FARMS LIMITED TO TAKE AN INFORMED DECISION WITH REGARD TO THE OFFER. THE COMMISSION DOES NOT TAKE ANY RESPONSIBILITY EITHER FOR FINANCIAL SOUNDNESS OF THE ACQUIRER(S) OR THE COMPANY WHOSE SHARES/CONTROL IS PROPOSED TO BE ACQUIRED OR FOR THE CORRECTNESS OF THE STATEMENTS MADE OR OPINIONS EXPRESSED IN THE DOCUMENT. IT SHOULD ALSO BE CLEARLY UNDERSTOOD THAT THE ACQUIRER IS PRIMARILY RESPONSIBLE FOR THE CORRECTNESS, ADEQUACY AND DISCLOSURE OF ALL RELEVANT INFORMATION IN THIS DOCUMENT. THE MANAGER TO THE OFFER, ARIF HABIB LIMITED, IS EXPECTED TO EXERCISE DUE DILIGENCE TO ENSURE THAT ACQUIRER DULY DISCHARGES THEIR RESPONSIBILITY ADEQUATELY. FOR THIS PURPOSE, THE MANAGER TO THE OFFER HAS SUBMITTED A DUE DILIGENCE CERTIFICATE DATED: **July 25th, 2025** TO THE COMMISSION IN ACCORDANCE WITH THE SECURITIES ACT, 2015 (THE **"ACT"**).

**PART A**

Brief description of the acquisition:

| Acquisition through | Number of shares | Percentage | Price per Share (highest price paid in case of SPA) |
|---|---|---|---|
| SPA | 9,293,244 | 40.63% | PKR 180.00 |
| Exchange | 1,566,493 | 6.85% | PKR 232.75 |
| Public offer | 6,007,632 | 26.26% | PKR 232.75 |

**Part B**

## 1. THE ACQUIRER

| | |
|---|---|
| Name and Registered Address | **CCL Holding Private Limited**<br>**Address:** 65, Quaid-e-Azam Industrial Estate, Kot Lakhpat, Lahore |
| Date and Jurisdiction of incorporation | July 22nd, 2002<br>Islamic Republic of Pakistan |
| The authorized share capital | PKR 10,000,000/- divided into 1,000,000/- shares of Rs. 10/- each |
| If there is more than one Acquirer, their relationship | Not Applicable |
| Total number of voting shares of the Target Company already held by the Acquirer, including any shares purchased through an agreement and relevant details of any such agreement including the share price agreed | 1,566,493 |
| The number of shares issued since the end of the last financial year of the Acquirer | 448,096 |
| Details of any re-organization of the Acquirer during the two financial years preceding the public announcement of offer | Not Applicable |
| Details of any bank overdrafts or loans, or other similar indebtedness, mortgages, charges or other material contingent liabilities of the Acquirer and subsidiaries if any, and if there are no such liabilities a statement to that effect | No |
| Financial Advisors of the Acquirer | **Arif Habib Limited**<br>2nd floor, Arif Habib Centre, MT Khan Road, Karachi, Pakistan.<br>Tel: (021) 111 245 111, Fax: (021) 32416072 |
| Manager to the Offer | **Arif Habib Limited**<br>2nd floor, Arif Habib Centre, MT Khan Road, Karachi, Pakistan.<br>Tel: (021) 111 245 111, Fax: (021) 32416072 |
| Brief history and major areas of operations of the Acquirer | The Acquirer is a holding company whose group companies (including CCL Pharmaceuticals (Pvt) Limited) are principally engaged in the manufacturing and marketing of branded generic pharmaceuticals and consumer health products. |
| Names and addresses of sponsors or persons having control over the Acquirer | 1. **Kashif Sajjad Sheikh**<br>**Address:** House No. 49-B, Sector 1, Phase 1 DHA, Lahore Cantt, Pakistan<br>2. **Nadeem Bin Javed Sheikh**<br>**Address:** 11/3 A-2, Asad Jaan Road, Lahore Cantt, Pakistan<br>3. **Asim Dilawar Sheikh**<br>**Address:** House No. 8, Sector C, Phase 8, DHA Lahore Cantt, Pakistan<br>4. **Hassan Zubair Sheikh**<br>**Address:** House No. 100-A/3, Saint John Park, Lahore Cantt, Pakistan |
| Names and addresses of board of directors of Acquirer | 1. **Kashif Sajjad Sheikh**<br>**Address:** House No. 49-B, Sector 1, Phase 1 DHA, Lahore Cantt, Pakistan<br>2. **Nadeem Bin Javed Sheikh**<br>**Address:** 11/3 A-2, Asad Jaan Road, Lahore Cantt, Pakistan<br>3. **Asim Dilawar Sheikh**<br>**Address:** House No. 8, Sector C, Phase 8, DHA Lahore Cantt, Pakistan<br>4. **Hassan Zubair Sheikh**<br>**Address:** House No. 100-A/3, Saint John Park, Lahore Cantt, Pakistan |

Brief audited financial details of the Acquirer for a period of at least last five years including income, expenditure, profit before depreciation, interest and tax, depreciation, profit before and after tax, provision for tax, dividends, earnings per share, return on net worth and book value per share:

| IN PKR | 2024 | 2023 | 2022 | 2021 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|
| Income | 19,302,530,517 | 14,437,192,809 | 11,576,841,024 | - | - |
| Cost of sales Profit/(loss) Before | 10,135,271,521 | 7,935,617,011 | 6,044,962,298 | - | - |
| Depreciation, Interest and Tax | 2,807,719,442 | 1,823,943,992 | 1,500,390,350 | (427,500) | (4,937,805) |
| Depreciation & Amortization | 389,797,294 | 280,516,161 | 5,086,636 | 6,814,759 | 8,572,584 |
| Profit / (loss) Before Tax | 1,336,846,277 | 959,016,813 | 1,283,608,639 | (8,749,254) | (16,637,285) |
| Profit / (loss) After Tax | 743,270,663 | 578,568,798 | 881,271,686 | (8,596,832) | (16,637,285) |
| Dividends | 885,001,975 | 578,003,511 | 325,437,652 | - | - |
| Earnings Per Share | 1,659 | 1,291 | 1,967 | (42.98) | (83.19) |
| Return on Shareholder's wealth / equity | 0.23 | 0.17 | 0.26 | (2.4) | (1.37) |
| Book Value Per Share | 7,205 | 7,462 | 7,475 | 18 | 61 |

| | |
|---|---|
| Details of any agreement or arrangement between the Acquirer and the directors of the Target Company about any benefit which will be given to any director of the Target Company as compensation for loss of office or otherwise in connection with the acquisition | Not applicable |
| Details of every material contract entered into not more than two years before the date of the public announcement of offer, not being a contract entered into in the ordinary course of business carried on or intended to be carried on by the Target Company | Not applicable |

## 2. DETAILS OF THE PUBLIC OFFER

| | |
|---|---|
| Names, dates and editions of newspapers where the public announcement was published | The public announcement of intention to acquire voting shares and control was published on November 15, 2024, in Business Recorder & Nawa-i-Waqt newspapers. |
| The number and percentage of shares proposed to be acquired by the Acquirer from the shareholders through agreement, if any, the offer price per share and the mode of payment of consideration for the shares to be acquired | Pursuant to the SPA dated May 14, 2025, the Acquirer shall acquire 9,293,244 ordinary shares (representing 40.63% of the total issued share capital) of the Target Company at **PKR 180.00** per share.<br>Mode of payment consideration for the shares to be acquired will be by bank transfer to the respective designated bank account(s) of the Sellers. |
| Reasons for acquiring shares or control of the Target Company | Acquisition of shares and control of the Target Company is in line with CCL's strategic objective of diversification into the processed food and beverage sector. |
| Details regarding the future plan for the Target Company, including whether after acquisition the Target Company would continue as a listed company or not | The Target Company would continue as a listed company. |
| In case of any conditional offer, the minimum level of acceptance (number and percentage of shares) | 4,205,342 shares (18.38% of ordinary shares) |
| In case there is any agreement with the present management, promoters or existing shareholders of the Target Company, an overview of the important features of the agreement(s) including acquisition price per share, number and percentage of shares to be acquired under the agreement(s), name of the seller(s), complete addresses of sellers, names of parties to the agreement(s), date of agreement(s), manner of payment of consideration, additional important information, if any | The Acquirer has entered into the SPA with the Sellers on May 14, 2025, for the purchase of 9,293,244 shares representing approximately 40.63% of the total issued paid-up capital of the Target Company at a price of PKR 180.00 per share.<br>The mode of payment consideration for the shares to be acquired will be bank transfer to the respective designated bank account(s) of the Sellers<br>The parties to the SPA are CCL Holding Private Limited (Acquirer), and the sponsors of Mitchells Fruit Farms Limited (Seller),<br>The complete address of the Sellers is 72-FCC, Gulberg IV, Lahore.<br>Additionally, on 23rd July 2025, the Acquirer has also purchased a further 1,566,493 ordinary shares, representing approximately 6.85% of the issued share capital of the Target Company at a price of PKR 232.75 per share through a Negotiated Deal Market (NDM) transaction at the Pakistan Stock Exchange. |
| Number of shares already held by the Acquirer along with the date(s) of acquisition. Also state whether it was purchased through open market or acquired through a negotiated deal | The Acquirer holds 1,566,493 shares of the Target Company. This transaction took place on July 23rd, 2025, through a Negotiated Deal Market (NDM) mechanism. |
| Minimum level of acceptance, if any | Minimum level of acceptance is 4,205,342 shares (constituting 18.38% of ordinary shares & 35% of remaining shares) - Regulation 14 (2) of the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeovers) Regulations, 2017 |

## 3. OFFER PRICE AND FINANCIAL ARRANGEMENTS

### 3.1 Justification for the offer price

| | |
|---|---|
| Number of shares to be acquired through the Public Offer | Up to 6,007,632 (26.26%) ordinary shares of the Target Company conditional on a minimum level of acceptance of 4,205,342 shares (18.38%) |
| Form of consideration for the shares to be acquired through the Public Offer | Shares will be acquired against cash payment by means of Bank Transfer in Pak Rupees |
| Total amount of consideration to be paid for the shares to be tendered during the Public Offer | **PKR 1,398,276,231.63** |
| Whether the shares of the Target Company are frequently traded or infrequently traded in the light of criteria prescribed in Regulation 13 of these Regulations | The shares of the Target Company are frequently traded on Pakistan Stock Exchange |
| Justification for the offer price for the shares of the Target Company, in the light of criteria contained in Regulation 13 of these Regulations | In relation to the offer price to be offered to the public under Regulation 13, since the shares of the Target Company are **frequently traded,** the criteria for determining the price of shares to be offered to the public is the highest amongst prices stated under Regulation 13(1). These prices are:<br>1. The negotiated weighted average price under the SPA for acquisition of voting shares of the Target Company: **PKR 180.00 per share**<br>2. The highest price paid by the Acquirer or persons acting in concert with the Acquirer for acquiring voting shares of the Target Company during six months prior to the date of public announcement of offer: **PKR 232.75**<br>3. The weighted average share price of target company as quoted on the securities exchange during the last 180 days preceding the date of announcement of public offer: **PKR 230.84 per share**<br>4. The weighted average share price of target company as quoted on the securities exchange during 28 days preceding the date of public announcement of intention: **PKR 170.61 per share**<br>Based on the above, the Public Offer is being made at **PKR 232.75 per share,** the highest amongst the above. |

### 3.2 Financial arrangements

| | |
|---|---|
| Disclosure about the security arrangement made in pursuance of Section 123 of the Act and Regulation 15 of the Regulations | The Acquirer has deposited to the Manager to the Offer, as per clause 15(1)(c) of the Regulations, a bank guarantee equivalent to the full amount of Public Offer |
| Disclosure about the adequate and firm financial resources to fulfill the obligations under the Public Offer | The Acquirer has made adequate financial arrangements for fulfillment of its obligations under the Public Offer to the satisfaction of the Manager to the Offer |
| A statement by the Manager to the Offer that the manager to the offer is satisfied about the ability of the Acquirer to implement the Public Offer in accordance with the requirements of the Act and these Regulations | Arif Habib Limited, appointed as the Manager to the Offer, confirms that the Acquirer is sufficiently capable of implementing the Public Offer in accordance with the requirements of the Act and the Regulations and has been issued a certificate to this effect |

## 4. PROCEDURE FOR ACCEPTANCE AND SETTLEMENT

| | |
|---|---|
| Detailed procedure for acceptance of offer by shareholder of the Target Company | 1. In order to accept the Public Offer, the shareholders are required to send the letter of acceptance (attached to the Offer Letter), duly completed and signed, along with the requisite documents (as set out below) to the Manager to the Offer at its registered address i.e. 2nd Floor, Arif Habib Centre, 23, M.T. Khan Road, Karachi, on or before **5:00 pm on September 22, 2025**. Alternatively, shareholders may upload scanned copies of the duly completed and signed Letter of Acceptance along with all supporting documents via the designated online submission portal available at https://www.arifhabibltd.com/. Please ensure that all required information, including the number of shares being tendered, is clearly provided in either submission method.<br>2. In the event that the letter of acceptance and the requisite documents are delivered within the stipulated time, the Manager to the Offer will issue confirmation of the receipt of documents (Provisional Receipt)<br>3. Receipt by the Manager to the Offer by the closing date of the duly completed and signed letter of acceptance along with the required documents will constitute acceptance of the Public Offer<br>4. Completed acceptance forms once submitted cannot be revoked by shareholders selling in the Public Offer.<br>5. Copies of the acceptance form shall also be available at the offices of Arif Habib Limited (address provided below) or on the website https://www.arifhabibltd.com/<br>6. The Public Offer will remain open for acceptance for seven days starting 0900 PST on **September 16, 2025** to 1700 hours on **September 22, 2025 (closing date)**. Acceptances received after working hours on Closing Date shall not be entertained and the Offer period shall not be extended |
| Detailed procedure for acceptance of offer by shareholder of the Target Company | CDC account holders shall follow the procedure set forth above, as applicable. Additionally, the CDC account holders must transfer these shares to the CDC account of the Manager to the Offer in accordance with the following details and to provide the CDC transfer activity report/slip to the Manager to the Offer, with respect to transfer of shares:<br>CDC Account Details:<br>CDC Account Title: Manager to the Offer – Mitchells Fruit Farms Limited<br>CDC Participant ID: **06452**<br>CDC Account No: **234337**<br>Transaction Reason Code: UIN # 0044142<br>- For Intra Account – A021 – **Transfer owing to Acquisition of listed Shares**<br>- For Inter Account – P015 – **Transfer owing to Acquisition of listed Shares** |
| Physical Shares | Shareholders with physical share certificate(s) are requested to provide the physical share certificate(s) along with duly verified transferred deed(s). |

**Acceptance by the Acquirer:** The acceptance by the Acquirer of the shares tendered by the selling shareholders and payment of the offer price is subject to the following conditions:

- The Securities and Exchange Commission of Pakistan or any other competent authority having no objections to any of the provisions of the Public Offer.
- The payment for shares does not contravene any section of the Foreign Exchange Regulation Act, 1947 and the Foreign Exchange Manual of the State Bank of Pakistan.
- The letter of acceptance being duly completed and signed along with the required documents and submitted to the Manager to the Offer on or before the closing date.
- The tendered shares being verified by the Target Company.
- The Acquirer not withdrawing the Public Offer in accordance with the provisions of the Act.

**Payment of the offer price:** Upon receipt of the duly filled acceptance form along with the requisite documents, the Manager to the Offer will send written acceptances of the tender to the selling shareholder and arrange payment of the offer price via direct bank transfer to the shareholder's designated bank account within 10 (ten) days of the Closing Date. No interest, mark-up, surcharge or other increment will be payable for any cause or reason on the aggregate price for the shares purchased by the Acquirer from any selling shareholder for any cause or reason.

**REQUIRED DOCUMENTS**

The Letter of Acceptance must be accompanied by the following documents: Letter of acceptance furnished by the shareholder(s) without the requisite documents may be rejected by the manager to the offer as being incomplete and invalid.

For Individual Applicants: An attested copy of computerized National Identity Card, original shares certificates and duly executed transfer deeds along with the duly completed and signed authorization to split share(s) certificates letter for (physical shares only), Copy of CDC transferred slip submitted with CDC investor account services and CDC activity report after transfer of shares (for CDC share only).

For Corporate Applicants: Memorandum and Articles of Association, a certified copy of certificate of incorporation (and for public companies, certificate of commencement of business), certified copies of Computerized National Identity Card of signatories, a certified copy of board resolution authorizing persons to sell the shares with specimen signatures of such authorized persons, original share certificates and duly executed transfer deeds along with the duly completed and signed authorization to split share certificate(s) letter (for physical shares only), Copy of CDC transfer slips submitted with CDC investor account services and CDC activity report after transfer of shares (for CDC shares only).

## 5. STATEMENTS BY THE ACQUIRER

| | |
|---|---|
| Applicable Law | The Public Offer shall be governed by the provisions of Part IX of the Securities Act, 2015 and the Listed Companies (Substantial Acquisition of Voting Shares and Takeover) Regulations, 2017. Shareholders should not construe the content of this offer letter as legal, tax or financial advice and should consult with their own advisors as to the matters described in this offer. |
| Statement by the Acquirer for assuming responsibility for the information contained in this document. | The Acquirer assumes responsibility for the information contained in this document |
| A statement by the Acquirer to the effect that Acquirer including persons in concert, if any, will be severally and jointly responsible for ensuring compliance with the Act and the Regulations. | The Acquirer assumes responsibility for ensuring compliance with the Act and the Regulations. |
| A statement by the Acquirer that the Public Offer is being made to all shareholders who have voting shares of the Target Company and (except the persons who are party to SPA) whose names appear in the register of shareholders as on the date of book closure. | The Acquirer confirms that this Public Offer is being made to all shareholders who have voting shares of the Target Company (except the Sellers i.e. persons who are parties to the SPA) and whose names appears in the register of shareholders as on the date of book closure. |
| A statement that all statutory approvals for the Public Offer have been obtained | The Acquirer confirms that all statutory requirements for the Public Offer as required under the Act and the Regulations have been complied with. |
| Disclosure as to whether relevant provisions of the Act and the Regulations have been complied with | The Acquirer confirms that all relevant provisions of the Act and the Regulations have been complied with. |
| A statement to the fact that no director(s) of the Acquirer is also director(s) on the board of Directors of the Target Company | The Acquirer confirms that no Acquirer / director(s) of the Acquirer is also director(s) on the board of Directors of the Target Company. |
| A statement by the Acquirer as to whether or not any voting shares acquired in pursuance to the Public Offer shall be transferred to another person and if that is the case the names of such person shall be disclosed | The Acquirer confirms that the voting shares acquired in pursuance to the Public Offer are not, at present, intended to be transferred to any other person except as may be transferred to the nominees of the Acquirer to be directors of Target Company. |

**ENQUIRIES**

ALL QUERIES AND CORRESPONDENCE RELATING TO THE OFFER SHOULD BE ADDRESSED TO THE MANAGER TO THE OFFER AT THE ADDRESS PROVIDED ABOVE. The foregoing information and copies of the acceptance letter shall also be available at the website of Arif Habib Limited, the address of which is https://www.arifhabibltd.com/

# اعلان عام: سی سی ایل ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کی جانب سے مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ کے 26.26% عام حصص خریدنے کی پیشکش

یہ ایک عوامی پیشکش ہے جو سی سی ایل ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ (جسے بعدازاں ''خریدار'' کہا جائے گا) کی جانب سے کی جارہی ہے، جس کے تحت وہ مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ (جسے ''ہدف کمپنی'' کہا جائے گا) کے 6,007,632 عام حصص (جو ہدف کمپنی کے جاری کردہ عام حصص کے 26.26 فیصد کے مساوی ہیں) خریدنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ یہ پیشکش ہر عام حصص کے عوض 232.75 پاکستانی روپے کی قیمت پر کی جارہی ہے، جو کہ سکیورٹیز ایکٹ 2015 (''قانون'') اور لسٹڈ کمپنیز (رائے دہی کے بڑے حصص کے حصول اور ٹیک اوورز) ریگولیشنز 2017 (''ضوابط'') کے تحت کی جارہی ہے۔

سی سی ایل ہولڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ (''حصول کنندہ'') نے مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ (''ہدف کمپنی'') کے کفیل حضرات (''فروخت کنندگان'') کے ساتھ 14 مئی 2025 کو ایک حصص خریداری معاہدہ (جسے ''ایس پی اے'' کہا جاتا ہے) طے کیا ہے، جس کے تحت حصول کنندہ نے ہدف کمپنی کے 9,293,244 عام حصص خریدنے پر اتفاق کیا ہے، جو کہ ہدف کمپنی کے جاری کردہ مجموعی عام حصص کے تقریباً 40.63 فیصد کے مساوی ہیں۔ یہ خریداری فی عام حصص 180.00 روپے پر عمل میں لائی جائے گی (جسے ''خریداری'' کہا جائے گا)۔ ایس پی اے کے تحت حاصل کیے گئے حصص کے علاوہ، حصول کنندہ نے دیگر حصص داران سے بھی مزید 1,566,493 عام حصص خریدے ہیں، جو ہدف کمپنی کے جاری کردہ حصص کے تقریباً 6.85 فیصد کے برابر ہیں۔ یہ حصص درج ذیل حصص داران سے خریدے گئے: آئی جی آئی انویسٹمنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے 850,334 حصص (3.72%)، بابر علی فاؤنڈیشن سے 556,463 حصص (2.43%)، سیدہ حنا بابر علی سے 79,159 حصص (0.35%)، سید حیدر علی سے 77,100 حصص (0.34%)، پروین بابر علی سے 3,437 حصص (0.02%)۔ یہ تمام سودے 232.75 روپے فی شیئر کی قیمت پر بات چیت کے ذریعے طے کیے گئے۔ یہ خریداری سکیورٹیز ایکٹ 2015 کے سیکشن (c)111 کے دائرہ کار میں آتی ہے، اور اسی کے تحت حصول کنندہ اب 6,007,632 عام ووٹنگ حصص (جو ہدف کمپنی کے کل جاری کردہ حصص کا 26.26 فیصد بنتے ہیں) کی مزید خریداری کی عوامی پیشکش دے رہا ہے۔ حصول کنندہ یہ اضافی ووٹنگ حصص، جن کی اصل قیمت 10 روپے فی شیئر ہے، 232.75 روپے فی شیئر خریدنے کی پیشکش کر رہا ہے (جسے ''عوامی پیشکش'' کہا جاتا ہے)۔

**وضاحت:**

یہ بات نہایت واضح طور پر سمجھ لی جائے کہ عوامی پیشکش کی دستاویز کی سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) میں جمع کرانے کا ہرگز یہ مطلب نہیں لیا جانا چاہیے اور نہ ہی اس کی کوئی ایسی تعبیر کی جائے کہ اسے کمیشن نے منظور، جانچا یا تصدیق کر دیا ہے۔ یہ دستاویز صرف اس محدود مقصد کے تحت کمیشن کو جمع کرائی گئی ہے کہ کمیشن یہ دیکھ سکے کہ آیا اس میں شامل انکشافات عمومی طور پر مناسب ہیں اور کیا وہ قانون/ضوابط کے مطابق ہیں۔ یہ تقاضا صرف اس لیے ہے تاکہ مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ کے حصص دار اس پیشکش کے بارے میں باخبر فیصلہ کر سکیں۔ کمیشن نہ تو خریدار/خریداران کی مالی حیثیت کی ذمہ داری لیتا ہے، نہ ہی اس کمپنی کی جس کے حصص یا کنٹرول کے حصول کی تجویز دی جارہی ہے، اور نہ ہی اس دستاویز میں دیے گئے بیانات یا ظاہر کردہ آراء کی درستگی کی کوئی ضمانت دیتا ہے۔ یہ بھی بالکل واضح ہونا چاہیے کہ اس دستاویز میں شامل تمام متعلقہ معلومات کی درستگی، موزونیت اور مکمل انکشاف کی بنیادی ذمہ داری حصول کنندہ پر عائد ہوتی ہے۔ عارف حبیب لمیٹڈ، جو اس پیشکش کا منیجر ہے، سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے ضروری احتیاط برتے گا کہ حصول کنندہ اپنی ذمہ داریاں مناسب انداز میں پوری کرے۔ اسی مقصد کے تحت، منیجر ٹو دی آفر نے 25 جولائی 2025 کو کمیشن کو ڈیو ڈیلیجنس سرٹیفکیٹ پیش کیا ہے، جو کہ سکیورٹیز ایکٹ، 2015 (''قانون'') کے مطابق ہے۔

## حصہ (الف)

**خریداری کی مختصر تفصیل:**

| ذریعہ خریداری | حصص کی تعداد | فیصد تناسب | فی حصص قیمت (ایس پی اے میں ادا کی گئی بلند ترین قیمت) |
|---|---|---|---|
| ایس پی اے | 9,293,244 | 40.63% | 180.00 روپے |
| ایکسچینج | 1,566,493 | 6.85% | 232.75 روپے |
| پبلک آفر | 6,007,632 | 26.26% | 232.75 روپے |

## حصہ (ب)

### 1. حصول کنندہ

| | |
|---|---|
| نام اور رجسٹرڈ پتہ: | سی سی ایل ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ<br>پتہ: 65، قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور |
| تاریخ اور دائرہ اختیار برائے رجسٹریشن: | 22 جولائی 2002<br>اسلامی جمہوریہ پاکستان |
| اختیاری شیئر کیپٹل: | 10,000,000 پاکستانی روپے، جو کہ 10 روپے مالیت کے 1,000,000 حصص پر مشتمل ہے۔ |
| اگر ایک سے زیادہ حصول کنندہ ہوں، تو ان کے باہمی تعلقات: | لاگو نہیں ہے۔ |
| ہدف کمپنی کے وہ ووٹنگ حصص جو حصول کنندہ پہلے ہی حاصل کر چکا ہے، بشمول وہ حصص جو کسی معاہدے کے ذریعے خریدے گئے ہوں، اور ایسے معاہدے کی تفصیل بشمول متفقہ فی حصص قیمت: | 1,566,493 حصص |
| حصول کنندہ کے گزشتہ مالی سال کے اختتام کے بعد جاری کردہ حصص کی تعداد: | 448,096 حصص |
| گذشتہ دو مالی سالوں کے دوران حصول کنندہ کی کسی بھی تنظیم نو (ری آرگنائزیشن) کی تفصیل: | لاگو نہیں ہے۔ |
| حصول کنندہ اور اس کی کسی ذیلی کمپنی (اگر کوئی ہو) کے کسی بھی بینک اوورڈرافٹ، قرض، یا اسی نوعیت کی مالی ذمے داری، رہن، چارج، یا کوئی دیگر اہم ممکنہ مالی ذمہ داری کی تفصیل، اور اگر ایسی کوئی ذمہ داری نہیں ہے تو اس کا واضح بیان: | کوئی مالی ذمہ داری موجود نہیں ہے۔ |
| مالی مشیران برائے حصول کنندہ: | عارف حبیب لمیٹڈ<br>دوسری منزل، آرِف حبیب سینٹر، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پاکستان<br>ٹیلی فون: 111 245 111 (021)<br>فیکس: 32416072 (021) |
| منیجر برائے پیشکش: | عارف حبیب لمیٹڈ<br>دوسری منزل، آرِف حبیب سینٹر، ایم ٹی خان روڈ، کراچی، پاکستان<br>ٹیلی فون: 111 245 111 (021)<br>فیکس: 32416072 (021) |
| حصول کنندہ کی مختصر تاریخ اور اہم کاروباری شعبے: | حصول کنندہ ایک ہولڈنگ کمپنی ہے، جس کے تحت کام کرنے والی گروپ کمپنیاں (بشمول سی سی ایل فارماسیوٹیکلز پرائیویٹ لمیٹڈ) بنیادی طور پر برانڈڈ جنیرک ادویات اور صارفین کی صحت سے متعلق مصنوعات کی تیاری اور مارکیٹنگ میں مصروف عمل ہیں۔ |
| حصول کنندہ پر کنٹرول رکھنے والے کفیل افراد یا افراد کے نام اور پتے: | ۱) کاشف سجاد شیخ<br>پتہ: مکان نمبر 49-B، سیکٹر 1، فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، لاہور کینٹ، پاکستان<br>۲) ندیم بن جاوید شیخ<br>پتہ: 11/3، A-2، اسد جان روڈ، لاہور کینٹ، پاکستان<br>۳) عاصم دلاور شیخ<br>پتہ: مکان نمبر 8، سیکٹر C، فیز 8، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، لاہور کینٹ، پاکستان<br>۴) حسن زبیر شیخ<br>پتہ: مکان نمبر 100-A/3، سینٹ جان پارک، لاہور کینٹ، پاکستان |
| خریدار کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے نام اور پتے: | ۱) کاشف سجاد شیخ<br>پتہ: مکان نمبر 49-B، سیکٹر 1، فیز 1، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، لاہور کینٹ، پاکستان<br>۲) ندیم بن جاوید شیخ<br>پتہ: 11/3، A-2، اسد جان روڈ، لاہور کینٹ، پاکستان<br>۳) عاصم دلاور شیخ<br>پتہ: مکان نمبر 8، سیکٹر C، فیز 8، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، لاہور کینٹ، پاکستان<br>۴) حسن زبیر شیخ<br>پتہ: مکان نمبر 100-A/3، سینٹ جان پارک، لاہور کینٹ، پاکستان |

حصول کنندہ کے گزشتہ کم از کم پانچ سالوں کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں میں آمدن، اخراجات، فرسودگی، سود اور ٹیکس سے قبل منافع، ٹیکس سے قبل اور بعد کا منافع، ٹیکس کی مد میں مختص رقم، ادا کردہ منافع (ڈویڈنڈ)، فی حصص آمدنی، خالص مالیت پر منافع کی شرح، اور فی حصص کتابی قدر جیسی اہم معلومات شامل ہوتی ہیں۔

| پاکستانی روپے میں | 2024 | 2023 | 2022 | 2021 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|
| آمدن | 19,302,530,517 | 14,437,192,809 | 11,576,841,024 | | |
| فروخت کی لاگت | 10,135,271,521 | 7,935,617,011 | 6,044,962,298 | | |
| فرسودگی، سود اور ٹیکس سے قبل منافع/ (نقصان) | 2,807,719,442 | 1,823,943,992 | 1,500,390,350 | (427,500) | (4,937,805) |
| فرسودگی اور امورٹائزیشن | 389,797,294 | 280,516,161 | 5,086,636 | 6,814,759 | 8,572,584 |
| ٹیکس سے قبل منافع/ (نقصان) | 1,336,846,277 | 959,016,813 | 1,283,608,639 | (8,749,254) | (16,637,285) |
| ٹیکس کے بعد منافع/ (نقصان) | 743,270,663 | 578,568,798 | 881,271,686 | (8,596,832) | (16,637,285) |
| منافع کی تقسیم (ڈویڈنڈز) | 885,001,975 | 578,003,511 | 325,437,652 | | |
| فی حصص آمدنی | 1,659 | 1,291 | 1,967 | (42.98) | (83.19) |
| حصص یافتگان کی دولت/ ایکویٹی پر منافع کی شرح | 0.23 | 0.17 | 0.26 | (2.4) | (1.37) |
| فی حصص بک ویلیو | 7,205 | 7,462 | 7,475 | 18 | 61 |

| | |
|---|---|
| حصول کنندہ اور ہدف کمپنی کے ڈائریکٹرز کے درمیان کسی ایسے معاہدے یا بندوبست کی تفصیل جس کے تحت کسی ڈائریکٹر کو عہدہ چھوڑنے کے معاوضے یا خریداری کے سلسلے میں کسی اور صورت میں کوئی فائدہ دیا جائے | لاگو نہیں ہے۔ |
| ہر ایسے اہم معاہدے کی تفصیلات جو عوامی پیشکش کے اعلان کی تاریخ سے گذشتہ دو سال کے اندر طے پائے ہوں، بشرطیکہ وہ معاہدہ ہدف کمپنی کے معمول کے کاروبار کے تحت نہ کیا گیا ہو اور نہ ہی معمول کے کاروبار کے طور پر کیا جانا مقصود ہو: | لاگو نہیں ہے۔ |

### 2. عوامی پیشکش کی تفصیلات:

| | |
|---|---|
| وہ اخبارات جن میں عوامی پیشکش کا اعلان شائع ہوا، ان کے نام، تاریخیں اور ایڈیشنز: | ووٹنگ شیئرز اور کنٹرول کے حصول کے ارادے کا عوامی اعلان 15 نومبر 2024 کو اخبارات بزنس ریکارڈر اور نوائے وقت میں شائع ہوا۔ |
| شیئر ہولڈرز سے، کسی معاہدے کے تحت (اگر کوئی ہو)، حاصل کیے جانے والے حصص کی تعداد اور فیصد، فی شیئر پیشکش قیمت، اور حصص کے عوض ادائیگی کا طریقہ: | 14 مئی 2025 کو کیے گئے شیئر خریداری معاہدے (SPA) کے مطابق، حصول کنندہ ہدف کمپنی کے 9,293,244 عام حصص (جو کہ جاری شدہ مجموعی شیئر کیپٹل کا 40.63% بنتے ہیں) **180** روپے فی حصص کے حساب سے حاصل کرے گا۔<br>حصص کی ادائیگی بینک ٹرانسفر کے ذریعے فروخت کنندگان کے متعلقہ نامزد بینک اکاؤنٹس میں کی جائے گی۔ |
| ہدف کمپنی کے حصص یا کنٹرول کے حصول کی وجوہات: | ہدف کمپنی کے حصص اور کنٹرول کا حصول سی سی ایل کے اس اسٹریٹجک ہدف کے مطابق ہے جس کے تحت وہ پراسیسڈ فوڈ اور بیوریج سیکٹر میں تنوع پیدا کرنا چاہتی ہے۔ |
| ہدف کمپنی کے مستقبل کے منصوبوں کی تفصیلات، بشمول یہ کہ حصول کے بعد ہدف کمپنی بطور لسٹڈ کمپنی کام جاری رکھے گی یا نہیں: | ہدف کمپنی حصول کے بعد بھی بطور لسٹڈ کمپنی کام جاری رکھے گی۔ |
| اگر پیشکش مشروط ہو تو کم از کم قبولیت کی سطح (حصص کی تعداد اور فیصد): | 4,205,342 عام حصص (جو کہ کل عام حصص کا 18.38% بنتے ہیں)۔ |
| اگر ہدف کمپنی کی موجودہ انتظامیہ، پروموٹرز یا موجودہ حصص داران کے ساتھ کوئی معاہدہ کیا گیا ہو، تو اس معاہدے/معاہدات کی اہم خصوصیات کا خلاصہ، بشمول فی حصص خریداری قیمت، حاصل کیے جانے والے حصص کی تعداد اور فیصد، فروخت کنندگان کے نام، مکمل پتے، معاہدے کے فریقین کے نام، معاہدے کی تاریخ، ادائیگی کا طریقہ، اور دیگر اہم معلومات (اگر کوئی ہوں): | حصول کنندہ نے 14 مئی 2025 کو فروخت کنندگان کے ساتھ حصص خریداری معاہدہ (SPA) کیا ہے، جس کے تحت ہدف کمپنی کے 9,293,244 حصص (جو کل جاری شدہ ادائیگی شدہ سرمایہ کا تقریباً 40.63% ہیں) 180.00 روپے فی حصص کے حساب سے خریدے جائیں گے۔<br>حاصل کیے جانے والے حصص کی قیمت کی ادائیگی فروخت کنندگان کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں بینک ٹرانسفر کے ذریعے کی جائے گی۔<br>SPA کے فریقین میں سی سی ایل ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ (بطور حصول کنندہ) اور مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ کے اسپانسرز (بطور فروخت کنندہ) شامل ہیں۔<br>فروخت کنندگان کا مکمل پتہ: FCC-72، گلبرگ IV، لاہور۔<br>اضافی طور پر، 23 جولائی 2025 کو حصول کنندہ نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نیگوشی ایٹڈ ڈیل مارکیٹ (NDM) کے ذریعے مزید 1,566,493 عام حصص (جو کل جاری شدہ سرمایہ کا تقریباً 6.85% بنتے ہیں) 232.75 روپے فی حصص کے حساب سے خریدے۔ |
| حصول کنندہ کے زیر ملکیت پہلے سے موجود حصص کی تعداد، حصول کی تاریخ اور یہ وضاحت کہ یہ اوپن مارکیٹ سے خریدے گئے یا نیگوشی ایٹڈ ڈیل کے ذریعے حاصل کیے گئے: | حصول کنندہ کے پاس ہدف کمپنی کے 1,566,493 حصص ہیں، جو 23 جولائی 2025 کو نیگوشی ایٹڈ ڈیل مارکیٹ (NDM) کے ذریعے حاصل کیے گئے۔ |
| کم از کم قبولیت کی سطح (اگر کوئی ہو): | کم از کم قبولیت کی سطح 4,205,342 حصص ہے (جو عام حصص کا 18.38% اور باقی رہ جانے والے حصص کا 35% بنتی ہے)۔ ریگولیشن (2)14، لسٹڈ کمپنیز (ووٹنگ شیئرز کے خاطر خواہ حصول اور ٹیک اوورز) ریگولیشنز 2017۔ |

### 3. پیشکش کی قیمت اور مالی انتظامات:

#### 3.1 پیشکش کی قیمت کا جواز:

| | |
|---|---|
| عوامی پیشکش کے ذریعے حاصل کی جانے والی حصص کی تعداد: | زیادہ سے زیادہ 6,007,632 (26.26 فیصد) عام حصص، بشرطیکہ کم از کم 4,205,342 حصص (18.38 فیصد) کی منظوری حاصل ہو۔ |
| عوامی پیشکش کے ذریعے حاصل کیے جانے والے حصص کے بدلے میں ادائیگی کی شکل: | بینک ٹرانسفر کے ذریعے نقد رقم کی صورت میں، پاکستانی روپے میں ادائیگی کی جائے گی۔ |
| عوامی پیشکش کے دوران پیش کیے جانے والے حصص کے لیے ادا کی جانے والی کل رقم: | **1,398,276,231.63** پاکستانی روپے |
| کیا ہدف کمپنی کے حصص، ریگولیشن 13 کے مطابق، کثرت سے خرید و فروخت کیے جانے والے حصص میں شمار ہوتے ہیں؟ | جی ہاں، ہدف کمپنی کے حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر کثرت سے خرید و فروخت کیے جاتے ہیں۔ |
| ریگولیشن 13 کے تحت ہدف کمپنی کے حصص کی قیمت کا تعین: | چونکہ ہدف کمپنی کے حصص کثرت سے تجارت کیے جاتے ہیں، اس لیے ریگولیشن (1)13 کے تحت قیمت کا تعین درج ذیل میں سب سے زیادہ قیمت کی بنیاد پر کیا جائے گا:<br>۱) ایس پی اے کے تحت حاصل کیے جانے والے ووٹنگ حصص کی اوسط قیمت: **180.00 روپے فی حصص**<br>۲) پبلک پیشکش کے اعلان سے قبل چھ ماہ کے دوران، حاصل کنندہ یا اس کے ساتھ شریک کسی بھی فرد کی طرف سے ادا کی گئی سب سے زیادہ قیمت: **232.75** روپے فی حصص<br>۳) پبلک پیشکش کے اعلان سے قبل گزشتہ 180 دنوں کے دوران سکیورٹیز ایکسچینج پر کوٹ کی گئی حصص کی اوسط قیمت: **230.84** روپے فی حصص<br>۴) پبلک پیشکش کے ارادے کے اعلان سے قبل 28 دنوں کے دوران کوٹ کی گئی اوسط قیمت: **170.61** روپے فی حصص<br>مندرجہ بالا تمام قیمتوں میں سب سے زیادہ قیمت **232.75** روپے فی حصص ہے، لہٰذا عوامی پیشکش اسی قیمت پر کی جارہی ہے۔ |

#### 3.2 مالیاتی انتظامات

| | |
|---|---|
| سکیورٹی انتظامات سے متعلق انکشاف، جیسا کہ ایکٹ کی دفعہ 123 اور ضابطہ 15 کے تحت درکار ہے: | حاصل کنندہ نے ضابطہ (c)(1)15 کے مطابق، عوامی پیشکش کی مکمل رقم کے مساوی بینک گارنٹی پیشکش کے منیجر کے پاس جمع کروا دی ہے۔ |
| عوامی پیشکش کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے مناسب اور مستحکم مالی وسائل سے متعلق انکشاف: | حاصل کنندہ نے پیشکش کے منیجر کی تسلی کے لیے، عوامی پیشکش کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے مناسب مالی انتظامات کیے ہیں۔ |
| پیشکش کے منیجر کی جانب سے ایک بیان کہ حاصل کنندہ، ایکٹ اور ضوابط کے مطابق، عوامی پیشکش پر عمل درآمد کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے: | عارف حبیب لمیٹڈ، جو کہ پیشکش کا منیجر مقرر کیا گیا ہے، اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ حاصل کنندہ، ایکٹ اور ان ضوابط کے تقاضوں کے مطابق عوامی پیشکش پر عمل درآمد کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے، اور اس سلسلے میں ایک سرٹیفکیٹ جاری کیا جا چکا ہے۔ |

### 4. قبولیت اور تصفیہ کا طریقہ کار:

| | |
|---|---|
| ہدف کمپنی کے شیئر ہولڈرز کی جانب سے پیشکش قبول کرنے کا تفصیلی طریقہ: | ۱) عوامی پیشکش قبول کرنے کے لیے، شیئر ہولڈرز کو پیشکش کے خط کے ساتھ منسلک ''قبولیت کا خط''، مکمل پُر اور دستخط شدہ حالت میں، مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ (جن کی تفصیل نیچے دی گئی ہے)، پیشکش کے منیجر کے درج ذیل پتے پر شام 5:00 بجے، 22 ستمبر 2025 تک ارسال کرنا ہوگا: پتہ: دوسری منزل، عارف حبیب سینٹر، 23، ایم ٹی خان روڈ، کراچی۔ متبادل کے طور پر، شیئر ہولڈرز مکمل اور دستخط شدہ قبولیت کے خط کی اسکین شدہ کاپیاں، تمام معاون دستاویزات کے ساتھ، درج ذیل آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں: https://www.arifhabibltd.com/۔ براہ کرم یقینی بنائیں کہ دونوں طریقوں میں حصص کی تعداد سمیت تمام ضروری معلومات واضح طور پر فراہم کی گئی ہوں۔<br>۲) اگر قبولیت کا خط اور مطلوبہ دستاویزات مقررہ وقت کے اندر جمع کروا دیے جائیں، تو پیشکش کا منیجر دستاویزات کی وصولی کی تصدیق (عارضی رسید) جاری کرے گا۔<br>۳) مقررہ آخری تاریخ تک مکمل اور دستخط شدہ قبولیت کا خط اور مطلوبہ دستاویزات کی وصولی، عوامی پیشکش کی قبولیت تصور کی جائے گی۔<br>۴) ایک بار مکمل قبولیت فارم جمع ہونے کے بعد، شیئر ہولڈر کی جانب سے عوامی پیشکش میں فروخت کا عمل واپس نہیں لیا جا سکتا۔<br>۵) قبولیت فارم کی نقول عارف حبیب لمیٹڈ کے دفاتر سے (نیچے پتہ دیا گیا ہے) یا ویب سائٹ https://www.arifhabibltd.com/ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔<br>۶) عوامی پیشکش 16 ستمبر 2025 کو صبح 9:00 بجے سے 22 ستمبر 2025 کو شام 5:00 بجے تک (آخری تاریخ) سات دن کے لیے کھلی رہے گی۔ آخری تاریخ کے دن کام کے اوقات کے بعد موصول ہونے والی قبولیت قابلِ قبول نہیں ہوگی، اور پیشکش کی مدت میں توسیع نہیں کی جائے گی۔ |
| CDC حصص: | CDC اکاؤنٹ رکھنے والے افراد اوپر بیان کردہ طریقہ پر عمل کریں گے۔ اس کے علاوہ، انہیں اپنے حصص درج ذیل تفصیلات کے مطابق پیشکش کے منیجر کے CDC اکاؤنٹ میں منتقل کرنے ہوں گے، اور منتقلی کی CDC سرگرمی رپورٹ/سلِپ پیشکش کے منیجر کو فراہم کرنا ہوگی۔<br>CDC اکاؤنٹ کی تفصیلات:<br>CDC اکاؤنٹ ٹائٹل: منیجر ٹو دی آفر-مچلز فروٹ فارمز لمیٹڈ<br>CDC پارٹیسپنٹ ID: 06452<br>CDC اکاؤنٹ نمبر: 234337<br>ٹرانزیکشن ریزن کوڈ: UIN # 0044142<br>انٹرا اکاؤنٹ کیلئے: A021-فہرست شدہ حصص کے حصول کی بنا پر منتقلی<br>انٹر اکاؤنٹ کیلئے: P015-فہرست شدہ حصص کے حصول کی بنا پر منتقلی |
| فزیکل حصص: | وہ حصص داران جن کے پاس فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس ہیں، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے اصل شیئر سرٹیفکیٹس اور متعلقہ تصدیق شدہ ٹرانسفر ڈیڈز فراہم کریں۔ |

**قبولیت برائے خریداری کی شرائط:** حصول کنندہ کی جانب سے حصص کی قبولیت اور قیمت کی ادائیگی درج ذیل شرائط سے مشروط ہوگی:

- سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان یا کسی اور متعلقہ مجاز اتھارٹی کی جانب سے پبلک آفر کی کسی بھی شق پر کوئی اعتراض نہ ہونا۔
- حصص کی قیمت کی ادائیگی فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ 1947 اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے فارن ایکسچینج مینوئل کے کسی بھی حصے کی خلاف ورزی نہ کرے۔
- قبولیت کا خط (AcceptanceofLetter) مکمل طور پر پُر کیا گیا، دستخط شدہ اور تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ، مقررہ آخری تاریخ سے قبل منیجر ٹو دی آفر کو جمع کرایا گیا ہو۔
- پیش کردہ حصص کی تصدیق ٹارگٹ کمپنی کے ذریعے کی گئی ہو۔
- حصول کنندہ کی جانب سے آفر کی واپسی نہ کی گئی ہو جیسا کہ قانون میں بیان کیا گیا ہے۔

**قیمت کی ادائیگی:** مکمل طور پر پُر کردہ قبولیت فارم اور تمام مطلوبہ دستاویزات کی وصولی کے بعد، منیجر ٹو دی آفر فروخت کنندہ کو تحریری طور پر قبولیت سے آگاہ کرے گا اور آفر کی قیمت مقررہ شیئر ہولڈر کے دیے گئے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست بینک ٹرانسفر کے ذریعے آخری تاریخ کے بعد 10 (دس) دنوں کے اندر ادا کی جائے گی۔ کسی بھی وجہ سے حصول کنندہ کی جانب سے خریدے گئے حصص کی مجموعی قیمت پر کوئی سود، مارک اپ، سرچارج یا دیگر اضافی رقم ادا نہیں کی جائے گی۔

**درکار دستاویزات:**

قبولیت کا خط درج ذیل دستاویزات کے ساتھ منسلک ہونا لازمی ہے۔ اگر کسی حصص دار کی طرف سے قبولیت کا خط مطلوبہ دستاویزات کے بغیر جمع کرایا گیا تو منیجر ٹو دی آفر اسے نامکمل اور غیر مؤثر قرار دے کر مسترد کر سکتا ہے۔

انفرادی درخواست دہندگان کے لیے: کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شدہ نقل، اصل شیئر سرٹیفکیٹس اور مکمل شدہ و دستخط شدہ ٹرانسفر ڈیڈز، شیئر سرٹیفکیٹس کی تقسیم کی اجازت کا مکمل شدہ اور دستخط شدہ خط (صرف فزیکل شیئرز کے لیے)، CDC ٹرانسفر سلپ کی نقل جو CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرائی گئی ہو اور شیئرز کی منتقلی کے بعد کی CDC ایکٹیویٹی رپورٹ (صرف CDC شیئرز کے لیے)۔

کارپوریٹ درخواست دہندگان کے لیے: میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، سرٹیفکیٹ آف انکارپوریشن کی تصدیق شدہ نقل (اور پبلک کمپنیوں کے لیے، سرٹیفکیٹ آف کمنسمنٹ آف بزنس)، دستخط کنندگان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کی تصدیق شدہ نقول، بورڈ ریزولوشن کی تصدیق شدہ نقل، جس میں شیئرز کی فروخت کے لیے مخصوص افراد کو اختیار دیا گیا ہو، اور ان افراد کے نمونہ دستخط، اصل شیئر سرٹیفکیٹس اور مکمل شدہ و دستخط شدہ ٹرانسفر ڈیڈز، شیئر سرٹیفکیٹس کی تقسیم کی اجازت کا مکمل شدہ اور دستخط شدہ خط (صرف فزیکل شیئرز کے لیے)، CDC ٹرانسفر سلپس کی نقل جو CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرائی گئی ہوں اور شیئرز کی منتقلی کے بعد کی CDC ایکٹیویٹی رپورٹ (صرف CDC شیئرز کے لیے)۔

### 5. حاصل کنندہ کے بیانات:

| | |
|---|---|
| قابل اطلاق قانون: | یہ پبلک آفر سکیورٹیز ایکٹ، 2015 کے حصہ IX اور لسٹڈ کمپنیز (سبسٹینشل ایکوزیشن آف ووٹنگ شیئرز اینڈ ٹیک اوور) ریگولیشنز، 2017 کے تحت کی جائے گی۔ حصص داروں کو اس آفر لیٹر کے مندرجات کو قانونی، ٹیکس یا مالیاتی مشورہ تصور نہیں کرنا چاہیے، بلکہ انہیں چاہیے کہ وہ یہاں بیان کردہ امور کے بارے میں اپنے مشیروں سے مشورہ کریں۔ |
| اس دستاویز میں موجود معلومات کی ذمہ داری کا بیان: | حصول کنندہ اس دستاویز میں شامل معلومات کی مکمل ذمہ داری قبول کرتا ہے۔ |
| قانون اور ضوابط کی پابندی کی مشترکہ و انفرادی ذمہ داری: | حصول کنندہ (اور اگر کوئی ہو تو اس کے ساتھ مل کر کام کرنے والے افراد) قانون اور ریگولیشنز کی تعمیل یقینی بنانے کے لیے مشترکہ و انفرادی طور پر ذمہ دار ہوں گے۔ |
| پبلک آفر کے دائرہ کار کا بیان: | حصول کنندہ تصدیق کرتا ہے کہ یہ پبلک آفر ان تمام حصص داروں کے لیے ہے جن کے پاس ٹارگٹ کمپنی کے ووٹنگ شیئرز موجود ہیں (سوائے ان فروخت کنندگان کے جو SPA کے فریق ہیں) اور جن کے نام بک کلازنگ کی تاریخ پر شیئر ہولڈرز کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔ |
| یہ بیان کہ پبلک آفر کے لیے تمام قانونی منظوری حاصل کی جا چکی ہے: | حصول کنندہ تصدیق کرتا ہے کہ پبلک آفر کے لیے قانون اور ریگولیشنز کے تحت درکار تمام قانونی تقاضے پورے کر دیے گئے ہیں۔ |
| یہ انکشاف کہ آیا قانون اور ریگولیشنز کی متعلقہ دفعات کی تعمیل کی گئی ہے یا نہیں: | حصول کنندہ تصدیق کرتا ہے کہ قانون اور ریگولیشنز کی تمام متعلقہ دفعات کی تعمیل کی گئی ہے۔ |
| یہ بیان کہ حصول کنندہ کا کوئی ڈائریکٹر ٹارگٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا رکن نہیں ہے: | حصول کنندہ تصدیق کرتا ہے کہ حصول کنندہ یا اس کا کوئی ڈائریکٹر، ٹارگٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا رکن نہیں ہے۔ |
| یہ بیان کہ آیا پبلک آفر کے تحت حاصل کیے گئے ووٹنگ شیئرز کسی اور شخص کو منتقل کیے جائیں گے یا نہیں، اور اگر کیے جائیں تو ایسے افراد کے نام ظاہر کیے جائیں: | حصول کنندہ تصدیق کرتا ہے کہ پبلک آفر کے تحت حاصل کیے گئے ووٹنگ شیئرز فی الوقت کسی دوسرے فرد کو منتقل کرنے کا کوئی ارادہ نہیں، سوائے اس کے کہ یہ شیئرز ٹارگٹ کمپنی کے ڈائریکٹر بننے کے لیے حصول کنندہ کے نامزد افراد کو منتقل کیے جائیں۔ |

استفسارات

پیشکش سے متعلق تمام سوالات اور خط و کتابت منیجر ٹو دی آفر کے درج بالا پتے پر بھیجی جائے۔ مندرجہ بالا معلومات اور قبولیت کا خط کی نقول عارف حبیب لمیٹڈ کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوں گی، جس کا پتہ یہ ہے: https://www.arifhabibltd.com/